© rasailojaraid.com



# تاثرات

خدا خدا کر کے ہمیں چین کا سانس لینا نصیب ہوا۔ ملک کی کشتی کے ناخدا سر جوڑ کر بیٹھے۔ ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کی اور آخر ان نتائج تک پہنچے جن پر عمل پیرا ہونے سے سیاسی تعطل دُور ہونے کے امکانات روشن ہوئے۔ خدا کرے کوئی ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ حالات پہلے سے زیادہ سازگار ہو جائیں اور ملک ترقی کی طرف اطمینان سے گام زن ہو سکے۔

المعارف کا ستمبر اکتوبر کا مشترکہ شمارہ اقبال نمبر ہوگا۔ قارئین نوٹ فرمالیں اور مضمون نگار حضرات اپنے مضامین بھیج کر ممنون فرمائیں۔

اقبال ہماری عظیم ترین، علمی، فکری اور سیاسی متاع ہیں۔ وہ مشرق اور مغرب کے فلسفوں سے واقف اور عہدِ حاضر کے علوم و مسائل سے باخبر ہیں۔ ان کی فلسفیانہ شاعری اردو کے شعری سرمائے میں ایک نئی آواز ہے۔ وہ ایک ایسے تہذیبی اور سیاسی نظریے کے بانی ہیں جس نے پاکستان کو جنم دیا ہے۔ تاریخ کوئی ایک مثال بھی ایسی پیش نہیں کر سکتی جس میں کسی مفکر کے سیاسی تصور نے دیکھتے ہی دیکھتے ٹھوس حقیقت کی شکل اختیار کر لی ہو۔ یہ سب باتیں ہمیں اقبال کی شخصیت سے اتنا مرعوب کر دیتی ہیں کہ ہم ان پر سوچنے کا کام دوسروں کے سپرد کر کے ذہنی طور پر ان کی تعریف سے مطمئن ہو جاتے ہیں، اور ہر سال ایسے مضامین کی تعداد بڑھتی جاتی ہے جن میں چبائے ہوئے نوالوں کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔

ہمارے دوست سلیم احمد صاحب نے حال ہی میں ایک مضمون "اقبال، اقبالیات اور ہم" کے زیر عنوان فنون کے اگست ستمبر ۱۹۷۶ء کے شمارے میں لکھا ہے، جس میں انھوں نے اقبال پر سچائی سے کچھ نہ سوچنے کی مندرجہ ذیل وجوہ بیان فرمائی ہیں۔ ان پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔

۱۔ سیاست کی مصلحت تو ایک بات ہوتی ستم بالائے ستم یہ ہوا ہے کہ اقبال جیسی آفاقی شخصیت کو

© rasailojaraid.com

